پیمرا ہیڈکوارٹرز،
ماؤ ایریا، جی۔ایٹ۔ون،
اسلام آباد۔
فون: 051-9107128
فیکس:051-9107129

پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی

پیمرا ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد

***

PEMRA

﴾ پریس ریلیز ﴿

<u>پیمرا کا بول نیوز اور بول انٹرٹینمنٹ کی نشریات بند کرنے کا فیصلہ</u>

اسلام آباد: 5 ستمبر 2022ء

پیمرا اتھارٹی کا 174 واں اجلاس آج مورخہ 5 ستمبر 2022ء کو چیئرمین پیمرا محمد سلیم بیگ کی صدارت میں پیمرا ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں منعقد ہوا۔

اتھارٹی نے بول نیوز اور بول انٹرٹینمنٹ کو جاری شدہ لائسنس سے متعلق امور کا جائزہ لیا۔ اتھارٹی کو بتایا گیا کہ میسرز لبیک پرائیویٹ لمیٹڈ کو جاری شدہ لائسنسز اتھارٹی سے 2017ء میں 131 ویں اجلاس میں منسوخ کر دیئے تھے۔ لائسنسز کی منسوخی، وزارتِ داخلہ کی جانب سے سیکورٹی کلیئرنس جاری نہ کرنے کی وجہ سے کی گئی۔ اس ضمن میں اتھارٹی کا حکم نامہ کمپنی ہٰذا کی جانب سے سندھ ہائی کورٹ میں زیرِ التوا رہا اور چینلز نے اپنی نشریات جاری کیئے رکھیں۔

تاہم سندھ ہائی کورٹ نے زیرِ التوا کیس کو 2021ء میں نمٹا دیا۔ دورانِ سماعت پیمرا کے وکیل نے واضح موٴقف اختیار کیا کہ اگر وزارت داخلہ میسرز لبیک پرائیویٹ لمیٹڈ کی سیکورٹی کلیئرنس جاری نہیں کرتی تو پیمرا دونوں چینلز (بول نیوز اور بول انٹرٹینمنٹ) کی نشریات چلانے کی اجازت نہیں دے گا۔

لہٰذا آج کی میٹنگ میں اتھارٹی نے تمام ریکارڈ عدالتی حکم نامہ اور وزارتِ داخلہ کی طرف سے جاری کردہ مراسلوں کا جائزہ لیتے ہوئے میسرز لبیک پرائیویٹ لمیٹڈ کو جاری لائسنسز (بول نیوز اور بول انٹرٹینمنٹ) کے چینلز کی نشریات فوری طور پر بند کرنے کا حکم دیا۔

یہاں یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ بول انٹرٹینمنٹ کے لائسنس کی 15 سالہ مدت دسمبر 2021ء میں اختتام پذیر ہوگئی تھی اور کمپنی ہٰذا نے لائسنس کی تجدید کیلئے اتھارٹی کو کوئی درخواست بھی جمع نہیں کرائی۔

ڈائریکٹر جنرل (میڈیا و تعلقاتِ عامہ)